باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified مسلسل 23 سال سے قوم کی نمائندگی APNA Member
کراچی، لاہور، راولپنڈی / اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان کی منفرد خبریں شائع کرنیوالا قومی اخبار
Daily QAUM KI AWAZ karachi
روزنامہ قوم کی آواز کراچی
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
ایڈیٹر: ملک نواز بھٹی
مینجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک
جلد: 24 | جمعرات 18 ذوالحجہ 1447ھ 04 جون 2026ء | شمارہ: 125
https://www.facebook.com/dailyvoiceofnation

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!
''والدین تمہاری جنت بھی ہیں (اگر ان کے ساتھ حسن سلوک کرو) اور تمہاری دوزخ بھی (اگر ان کی نافرمانی کرو)۔''

تکبر کرنے والے
اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
اور اندھا اور آنکھ والا برابر نہیں۔ اور نہ ایمان لانے والے نیکوکار اور نہ بدکار برابر ہیں (حقیقت یہ ہے کہ) تم بہت کم غور کرتے ہو O قیامت تو آنے والی ہے اس میں کچھ شک نہیں لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں رکھتے O اور تمہارے پروردگار نے کہا ہے کہ تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا۔ جو لوگ میری عبادت سے ازراہ تکبر کنیاتے ہیں۔ عنقریب جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گے O۔ (سورۃ مومن 40۔۔۔ ترجمہ آیت (58,60)

حضرت علیؓ
''جب تم دنیا کی مفلسی سے تنگ آجاؤ اور رزق کا کوئی رستہ نا نکلے تو صدقہ دے کر اللہ سے تجارت کرو''۔

بجٹ مشاورت کیلئے عمران خان سے ملاقات وزیراعلیٰ کی عدالت پہنچ گئے

وزیراعلیٰ سہیل آفریدی ایڈوکیٹ جنرل خیبر پختونخوا کے شاہ فیصل اور مشیر خزانہ مزمل اسلم کے ہمراہ اسلام آباد ہائیکورٹ پہنچے جہاں انہوں نے عمران خان سے ملاقات کی اجازت کیلئے درخواست دائر کی

سہیل آفریدی نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کے لیے عدالت میں پٹیشن دائر کردی ہے، بجٹ 2026-2027 کی حتمی منظوری بانی کے وژن کے مطابق ہونی اور بانی کی مشاورت ضروری ہے

کراچی (بزنس رپورٹر) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے عمران خان سے ملاقات کی اجازت کیلیے اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست دائر کردی۔ ذرائع کے مطابق وزیراعلیٰ سہیل آفریدی ایڈوکیٹ جنرل خیبر پختونخوا کے شاہ فیصل اور مشیر خزانہ مزمل اسلم کے ہمراہ اسلام آباد ہائیکورٹ پہنچے جہاں انہوں نے عمران خان سے ملاقات کی اجازت کیلئے درخواست دائر کی۔ درخواست دائر کرنے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سہیل آفریدی نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کے لیے عدالت میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

اہم خبر

اسلام آباد چیمبر اگست میں تجارتی وفد ترکیہ لیکر جائے گا: سردار طاہر محمود

پاکستان اور ترکیہ کے درمیان تجارت اور سرمایہ کاری کے بے پناہ مواقع موجود ہیں: ڈاکٹر عرفان نذیر اوغلو

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) پاکستان میں جمہوریہ ترکیہ کے سفیر ڈاکٹر عرفان نذیر اوغلو نے پاکستان اور ترکیہ کے درمیان تجارت اور سرمایہ کاری کے بے پناہ مواقع سے بھرپور استفادہ کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں برادر ممالک کے درمیان موجود مضبوط سیاسی، ثقافتی اور تاریخی تعلقات کو مزید گہرے معاشی تعاون میں تبدیل کیا جانا چاہیے۔ انہوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

سونے کی فی تولہ قیمت میں 8600 روپے کی بڑی کمی

ملک میں فی تولہ چاندی کی قیمت بھی گر کر 7894 روپے پر آ گئی

کراچی (این این آئی) ایران امریکا معاہدے میں تاخیر کے باعث عالمی مارکیٹ کے زیر اثر ملک میں سونے کی فی تولہ قیمت میں 8 ہزار 600 روپے کی بڑی کمی ہوگئی۔ آل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

مہنگائی کے تناسب سے تنخواہوں اور پنشن میں نمایاں اضافہ کیا جائے، ایم پی پی

کراچی (این این آئی) میری پہچان پاکستان (ایم پی پی) کی مرکزی کمیٹی نے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ آئندہ وفاقی بجٹ کو عوام دوست، کاروبار دوست اور معیشت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

رکن قومی اسمبلی صوفیہ سید شاہ کی درخواست پر نادرا موبائل وین نے شہریوں کو سہولیات فراہم کیں

کراچی (این این آئی) رکن قومی اسمبلی صوفیہ سید شاہ کی درخواست پر نادرا کی موبائل رجسٹریشن وین سینٹرل ٹیلی گراف آفس کمپاؤنڈ میں پہنچ گئی، جہاں شہریوں کو قومی شناختی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

وزیراعظم آئندہ وفاقی بجٹ میں برآمدات پر مبنی نمو کو یقینی بنائیں، ایس ایم تنویر

حکومت ہ علاقائی طور پر مسابقتی بجلی کے ٹیرف کو 9 سینٹ فی کلوواٹ آور سے کم کرے، سرپرست اعلیٰ یو بی جی

کراچی (بزنس رپورٹر) ایف پی سی سی آئی میں برسر اقتدار یونائیٹڈ بزنس گروپ (یو بی جی) کے سرپرست اعلیٰ ایس ایم تنویر نے وزیراعظم شہباز شریف پر زور دیا ہے کہ وہ آئندہ وفاقی بجٹ میں برآمدات پر مبنی نمو کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے ایف پی سی سی آئی اور دیگر چیمبرز کے نمائندوں کے ہمراہ بجٹ کی اہم تجاویز پر تبادلہ خیال کرنے کے لیے وزیراعظم اور کابینہ کے اراکین سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

شہباز شریف نے وفد کو خوش آمدید کہا اور گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آپ لوگ پاکستان کے سفیر اور دنیا میں ہماری پہچان ہیں، مشکل معاشی حالات میں حکومت کا ساتھ دینے پر کاروباری برادری کے شکر گزار ہیں، حکومت اور نجی شعبے کی مضبوط شراکت داری معاشی ترقی کی ضمانت ہے

بجٹ سے متعلق وزیراعظم کی تاجر برادری سے مشاورت

وفد میں میاں محمد منشا، عارف حبیب، عاطف باجوہ، محمد علی ٹبہ، مصدق ذوالقرنین، زیاد بشیر، شہزاد سلیم، زیلاف منیر، عمر سعید، عمر منشا، یوسف سعید، کامران ارشد، خرم مختار، آصف پیر، سلطان گوہر اعجاز، فواد انور، ذوالفقار حیات، جاوید اقبال، یوسف حسین، عامر ابراہیم، خواجہ مسعود اختر اور اعجاز نبی شامل تھے

اجلاس میں رانا تنویر حسین، نذیر تارڑ، مصدق ملک، احد خان چیمہ عطاء اللہ تارڑ، شزا فاطمہ، علی پرویز ملک، سردار اویس احمد لغاری، بلال اظہر کیانی ہارون اختر خان، منصور اعوان، جمیل احمد اور متعلقہ اعلیٰ سرکاری افسران نے بھی شرکت کی

اسلام آباد/کراچی (علیم نواب خان سے) وزیراعظم شہباز شریف سے ملک کے معروف صنعت کاروں اور ممتاز کاروباری شخصیات کے وفد نے ملاقات کی، یہ ملاقات ملک کی مجموعی معاشی ترقی کی رفتار تیز کرنے اور مالی سال 2026-2027ء کے بجٹ کے حوالے سے کاروباری برادری سے مشاورت کے تناظر میں تھی۔ وفد میں میاں محمد منشا، عارف حبیب، عاطف باجوہ، محمد علی ٹبہ، مصدق ذوالقرنین، زیاد بشیر، شہزاد سلیم، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

وزیراعظم شہباز شریف سے آئندہ آنیوالے بجٹ سے متعلق پاکستان کے ممتاز کاروباری افراد ملاقات کر رہے ہیں

منشیات ڈیلر انمول پنکی اور سہولت کاروں کی بینک تفصیلات سامنے آ گئیں

پولیس نے عدالت میں ملزمہ کے اہم سہولت کاروں کے بینک اور ڈیجیٹل مالیاتی اکاؤنٹس سے متعلق تفصیلات جمع کرادیں

کراچی (این این آئی) منشیات ڈیلر انمول پنکی اور سہولت کاروں کی بینک تفصیلات سامنے آ گئیں۔ سٹی کورٹ، جوڈیشل مجسٹریٹ جنوبی کی عدالت میں کوکین کوئین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

کراچی، شہر کے مختلف علاقوں میں حادثات کے نتیجے میں 3 افراد جاں بحق

جاں بحق افراد کی لاشوں کو قانونی کارروائی کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا، پولیس حکام

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے مختلف علاقوں میں پیش آنے والے افسوسناک حادثات کے نتیجے میں تین افراد جان کی بازی ہار گئے جبکہ لاشوں کو قانونی کارروائی کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

کراچی میں فائرنگ سے باپ اور نوجوان بیٹا جاں بحق

فائرنگ سے دو بیٹے زخمی ہوئے جن میں سے ایک دم توڑ گیا، واقعہ ذاتی دشمنی پر پیش آیا اور ملزم کی شناخت ہوگئی، پولیس

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے علاقے سرجانی ٹاؤن روزی گوٹھ میں فائرنگ کے افسوسناک واقعے میں باپ اور بیٹا جاں بحق جبکہ دوسرا بیٹا زخمی ہوگیا۔ تفصیلات کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

اقبال مارکیٹ میں پولیس مقابلہ، ایک زخمی سمیت دو ملزمان گرفتار

کراچی (این این آئی) ڈسٹرکٹ ویسٹ کے علاقے اقبال مارکیٹ میں پولیس اور مسلح ڈاکوؤں کے درمیان مبینہ مقابلے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

ڈسٹرکٹ ویسٹ پولیس کا اورنگی ٹان میں سرچ اور کومبنگ آپریشن

کراچی (این این آئی) جرائم پیشہ عناصر کے خلاف ڈسٹرکٹ ویسٹ پولیس کی کارروائیاں جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں تھانہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

کراچی: میاں بیوی پر بہیمانہ تشدد میں ملوث دو ملزمان گرفتار

کراچی (این این آئی) ڈسٹرکٹ ویسٹ پولیس نے دو روز قبل ولایت علی کالونی میں میاں بیوی پر بہیمانہ تشدد کے واقعے میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

کاروباری اعتماد کمزور، 81 فیصد اداروں نے سرمایہ کاری کے فیصلے موخر کردیے

OICCI سروے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ملک میں 70 سے 80 فیصد کاروباری ادارے نئی سرمایہ کاری کے فیصلوں کو موخر کر رہے ہیں یا ان پر نظر ثانی کر رہے ہیں، یہ بات اوورسیز رانویسٹرز چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے تازہ بزنس کانفیڈنس انڈیکس سروے میں کہی گئی، سروے میں پاکستان میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

آئندہ بجٹ کی اولین ترجیح عوام کو ریلیف فراہم کرنا ہونی چاہیے، سردار عبدالرحیم

مہنگائی نے عوام کی قوتِ خرید کو بری طرح متاثر کیا ہے، کسان اور چھوٹے کاروباری طبقے شدید معاشی دباؤ کا شکار ہیں، رہنما مسلم لیگ (فنکشنل)

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ فنکشنل سندھ کے سیکریٹری جنرل سردار عبدالرحیم نے وفاقی بجٹ 27-2026 کے حوالے سے اپنے بیان میں کہا ہے کہ قوم کو ایسے بجٹ کی توقع ہے جو محض سرکاری اعداد و شمار اور مالی اہداف تک محدود نہ ہو بلکہ عام آدمی کے مسائل کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

گلگت بلتستان میں پری پول رگنگ کی اطلاعات تشویشناک

انتخابی عمل کو متنازع بنانے کی کوششیں بند کی جائیں: شازیہ مری

پیپلز پارٹی کی بڑھتی ہوئی مقبولیت نے مخالف سیاسی قوتوں کی نیندیں حرام کردی

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹرینز کی مرکزی ترجمان نے گلگت بلتستان میں انتخابی عمل میں مبینہ مداخلت اور پری پول رگنگ کی اطلاعات پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ انتخابی میدان میں شکست کے خوف نے سیاسی مخالفین کو غیر جمہوری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

پیپلز پارٹی کراچی کی تقدیر بدلنے کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے، کرم اللہ وقاصی

ترقیاتی منصوبے کراچی کے شہریوں کو بہتر سفری سہولیات فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کریں گے، ترجمان میئر کراچی

کراچی (این این آئی) ترجمان میئر کراچی اور کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن میں پاکستان پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر کرم اللہ وقاصی نے وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی زیر صدارت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

ڈینیوب پراپرٹیز کا سینٹرل لندن میں نئے سیلز آفس کا شاندار آغاز

امارات کے معروف رئیل اسٹیٹ ڈیولپرز نے ایک اور سنگ میل کی نشاندہی کردی، بانی چیئرمین رضوان ساجن

لندن بدستور دنیا کے سب سے اہم سرمایہ کاری کے مرکزوں میں سے ایک ہے، ممبران کو پورے خطے سے خوش آمدید کہیں گے

دبئی/لندن (بزنس رپورٹر) ڈینیوب پراپرٹیز، متحدہ عرب امارات کے معروف رئیل اسٹیٹ ڈیولپرز میں سے ایک، سینٹرل لندن میں اپنے نئے سیلز آفس کے آغاز کے ساتھ اپنی بین الاقوامی موجودگی کو مضبوط کرنے کے لیے تیار ہے۔ Brompton44 واقع، نیا دفتر برطانیہ بھر میں کمپنی کی بڑھتی ہوئی توسیع میں ایک اور سنگ میل کی نشاندہی کرتا ہے۔ افتتاح دو سال قبل ہیرو میں ڈینیوب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

1BWSW3Knightsbridge,Road,

متحدہ عرب امارات کے معروف رئیل اسٹیٹ ڈیولپرز ڈینیوب پراپرٹیز کے بانی چیئرمین رضوان ساجن نائٹس برج لندن میں نئے سیلز آفس کا باقاعدہ افتتاح کر رہے ہیں

لاہور: بینک اسلامی کے جنرل منیجر سید جہانزیب علی، ایس اے ٹی ایچ کے ڈائریکٹر فنانس چوہدری محسن بشیر کو امدادی چیک پیش کر رہے ہیں

بینک اسلامی کا ثریا عظیم وقف ٹیچنگ اسپتال کیساتھ اشتراک

بینک اسلامی میں انسانیت کو ربا سے بچانے کا ہمارا مشن ہماری تمام سرگرمیوں کا احاطہ کرتا ہے، چیف ایگزیکٹو آفیسر رضوان عطا

بینک اسلامی کے جی ایم سید جہانزیب علی نے ایگزیکٹو ڈائریکٹر چوہدری محسن بشیر کو امدادی چیک بھی پیش کیا

کراچی (کامرس رپورٹر) سماجی ذمہ داری اور کمیونٹی کی ترقی کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے، بینک اسلامی نے لاہور کے بڑے فلاحی عوامی ہسپتالوں میں شمار ہونے والے ثریا عظیم وقف ٹیچنگ ہسپتال (SATH) کی معاونت کی ہے۔ اس تعاون کے ذریعے ہسپتال کو پنجاب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

گورنر اسٹیٹ بینک کو صدمہ: بھائی چوہدری آصف جاوید انتقال کر گئے

نمازِ جنازہ و تدفین میں سینکڑوں افراد کی شرکت، مرحوم کی مغفرت کے لیے دعائیں

محمد اورنگزیب، عارف حبیب، عاطف باجوہ، ثاقب فیاض مگوں، زبیر موتی والا کا اظہار تعزیت

کراچی (رپورٹ: علیم نواب خان) گورنر اسٹیٹ بینک آف پاکستان چودھری جمیل احمد سندھو کے بڑے بھائی چودھری آصف جاوید سندھو مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ ان کے انتقال کی خبر سنتے ہی اہلِ خانہ، عزیز و اقارب اور علاقہ بھر میں گہرے رنج و غم کی فضا چھا گئی۔ مرحوم ایک نہایت شریف النفس، ملنسار اور سماجی شخصیت کے طور پر جانے جاتے تھے، جنہوں نے اپنی زندگی میں ہمیشہ لوگوں کے ساتھ حسنِ سلوک اور بھائی چارے کو فروغ دیا۔ مرحوم کی نمازِ جنازہ ان کے آبائی گاؤں گورائیہ، ضلع ننکانہ صاحب میں دوپہر 11 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

منظور وسان کا سابق ایڈیشنل آئی جی کو 50 کروڑ ہرجانے کا نوٹس، معافی کا مطالبہ

سوشل میڈیا پر پھیلا انٹرویو محض کردار کشی پر مبنی ہے جس کا کوئی قانونی یا اخلاقی جواز نہیں ہے، وکیل منظور وسان

کراچی (این این آئی) پیپلز پارٹی کے منظور وسان نے سابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

شارجہ میں شروق اور افہاد ہولڈنگ کے درمیان معاہدہ طے پا گیا

منصوبہ شروق کی ملکیتی زمین پر تیار کیا جائے گا اور افہاد ہولڈنگ اس کو طویل المدتی بنیادوں پر ایک ریٹیل اور کمیونٹی حب کے طور پر آپریٹ کرے گی

شروق کے چیف ایگزیکٹو آفیسر احمد عبید القاسر اور افہاد ہولڈنگ کے پارٹنر عمر بن حمودہ کے دستخط، شارجہ میں سرمایہ کاری کے مواقع پر ان کا اعتماد مسلسل بڑھ رہا ہے

شارجہ (بزنس رپورٹر) شارجہ انویسٹمنٹ اینڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی ''شروق'' نے افہاد ہولڈنگ ایل ایل سی کے ساتھ ایک اہم معاہدے پر دستخط کیے ہیں جس کے تحت کسیشہ 1 کے علاقے میں 15,095 مربع میٹر پر محیط ایک جدید ریٹیل ڈیولپمنٹ پروجیکٹ قائم کیا جائے گا۔ یہ منصوبہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

ماتلی ٹنڈو غلام علی روڈ پر جاڑ کی بس اسٹاپ کے قریب تیز رفتار کار کی ٹکر سے 3 راہگیر زخمی

ماتلی (این این آئی) ماتلی ٹنڈو غلام علی روڈ پر جاڑ کی بس اسٹاپ کے قریب تیز رفتار کار کی ٹکر سے تین راہگیر احسان نظامانی، مظہر کھوسو اور سلمان کھوسو شدید زخمی ہوگئے، جنہیں فوری طور پر طبی امداد کے لیے تعلقہ اسپتال ماتلی منتقل کیا گیا۔ عینی شاہدین کے مطابق حادثہ اس وقت پیش آیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

کراچی: شادی کی تقریب میں ہوائی فائرنگ اور پولیس پر تشدد، 5 افراد گرفتار

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے بھینس کالونی میں شادی کی تقریب میں ہوائی فائرنگ اور پولیس پر تشدد کا واقعہ سامنے آیا ہے۔ بھینس کالونی میں شادی کی تقریب کے دوران ہوائی فائرنگ کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے بعد پولیس نے کارروائی شروع کی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

سندھ کے کئی اضلاع میں مٹی کے طوفان نے تباہی مچادی

متعدد گرڈ اسٹیشن بند، 5 افراد زخمی، کراچی کے بھی مختلف علاقے مٹی کے طوفان سے متاثر ہوئے

نوابشاہ، شاہ پور چاکر اور گرد و نواح میں بارش سے موسم خوشگوار ہوگیا

سکھر (این این آئی) سندھ کے مختلف اضلاع میں کراچی سمیت منگل کی شب آنے والی شدید آندھی، مٹی کے طوفان اور موسلا دھار بارش نے بڑے پیمانے پر تباہی مچادی۔ کئی شہروں میں بجلی کا نظام درہم برہم ہوگیا جبکہ درخت گرنے، سولر پلیٹیں اڑنے اور بجلی کی تاریں ٹوٹنے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

خاتون تفتیشی افسر روبینا بلوچ کی جانب سے نیپئر تھانے کے اہلکاروں پر الزامات

شفاف تحقیقات کرائی جائیں: روبینا بلوچ نے مبینہ طور پر اپنے ہی محکمے میں موجود کالی بھیڑوں کو بے نقاب کیا

جرات اور بہادری کی مثال قائم کی ہے، رہنما پاکستان تحریک انصاف راجا اظہر

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کراچی کے صدر راجا اظہر نے سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی خاتون تفتیشی افسر روبینا بلوچ کی جانب سے نیپئر تھانے کے بعض (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

گلشن اقبال میں تیز رفتار ڈمپر الٹ گیا، شہری معجزانہ طور پر محفوظ

بعض افراد نے ڈمپر کو آگ لگانے کی کوشش کی تاہم اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے علاقے گلشن اقبال میں رب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

پاکستان کے مالیاتی پیشہ ور صرف ایک ملازمت کی تلاش میں نہیں، اسد حمید خان

وہ ایسا کردار چاہتے ہیں جس میں ان کی صلاحیتیں کسی بڑے مقصد کے لیے استعمال ہوں، ہیڈ آف اے سی سی اے

پاکستان میں بڑھتی ہوئی مہنگائی اور زندگی گزارنے کی لاگت اس تحقیق کے نتائج میں نمایاں طور پر سامنے آئی ہے

کراچی (بزنس رپورٹر) اگر 2026 میں پاکستان کے مالیاتی شعبے کی افرادی قوت کو ایک لفظ میں بیان کیا جائے تو وہ لفظ ہے ''عزم''۔ ایسوسی ایشن آف چارٹرڈ سرٹیفائیڈ اکاؤنٹنٹس (اے سی سی اے) کی نئی تحقیق سے معلوم ہوا ہے کہ پاکستان کے 86 فیصد مالیاتی پیشہ ور افراد اپنے کیریئر کے کسی نہ کسی مرحلے پر کاروباری شخصیت یا کاروبار کے مالک بننے کی خواہش رکھتے ہیں۔ یہ شرح دنیا بھر میں ریکارڈ کی جانے والی بلند ترین شرحوں میں سے ایک ہے اور اس بات کی عکاسی کرتی ہے کہ پاکستان کی معیشت میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

او جی ڈی سی ایل نے سانگھڑ سے تیل و گیس کا نیا ذخیرہ دریافت کرلیا

بوبی ڈیپ ون کنویں سے یومیہ 2 ہزار بیرل تیل اور 1.1 ایم ایم ایس سی ایف ڈی گیس کی پیداوار حاصل ہوگی

سانگھڑ (این این آئی) آئل اینڈ گیس ڈیولپمنٹ کمپنی لمیٹڈ (او جی ڈی سی) (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

شروق کے چیف ایگزیکٹو آفیسر احمد عبید القاسر اور افہاد ہولڈنگ کے پارٹنر عمر بن حمودہ معاہدوں پر دستخط کر رہے ہیں

صدر رلا ہور چیمبر فہیم الرحمٰن سہگل سیالکوٹ کے برآمد کنندگان کے وفد کی سربراہی کرنے والے شیخ زوہیب رفیق کو یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں

روزنامہ قوم کی آواز
کراچی
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
نیوز ایڈیٹر: عدنان ملک
Reg No. 1/T/0001/642446
ایڈیٹر انچیف و پبلشر فراست شاہ نے وائس آف نیشن گروپ آف پبلیکیشن کے زیر اہتمام روزنامہ ''قوم کی آواز'' کراچی سٹی پریس سے چھپوا کر B/11 بلاک 15 الرعی ایونیو نیئر ممتاز منزل گلشن اقبال کراچی سے شائع کیا۔
GROUP OF PUBLICATION
VON VOICE OF NATION
ایسوسی ایٹ ایڈیٹر: ایس ایم اقبال
جن قارئین کو اخبار نہ ملے یا تاخیر سے ملنے کی شکایت ہو تو براہ کرام ان نمبرز پر اطلاع کریں۔
021 34825826-29 Fax 021 4825830 www.qaumkiawaz.pk

یورپی یونین کی اعلیٰ نمائندہ کا دورہ پاکستان۔۔۔!

یورپی یونین (ای یو) کی خارجہ امور اور سلامتی پالیسی کی اعلیٰ نمائندہ کایا کالاس کا اسلام آباد میں نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار کے ساتھ مشترکہ نیوز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہنا تھا کہ پاکستان یورپی یونین کا اہم شراکت دار اور خطے کی بڑی طاقت ہے جبکہ بطور ثالث اِس نے امریکہ، ایران جنگ روکنے میں مدد کی جسے یورپ میں قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کو بین الاقوامی قانون کے مطابق دہشت گردی کے خلاف اپنے دفاع اور شہریوں کے تحفظ کا مکمل حق حاصل ہے تاہم علاقائی تنازعات کے حل کے لئے مذاکرات ہی بہترین راستہ ہیں۔ اُنہوں نے اُمید ظاہر کی کہ آنے والے برسوں میں پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان تعاون مزید فروغ پائے گا۔ اُن کا کہنا تھا کہ ''پاک، ای یو' سٹریٹجک مذاکرات کے آٹھویں دور کے دوران مختلف اہم علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاکستان خطے کی بڑی طاقت ہے، پاک بھارت کشیدگی کے سنگین نتائج برآمد ہوئے، صورتحال مزید عدم استحکام کا باعث بھی بن سکتی تھی تاہم یورپی یونین نے مسلسل دونوں ممالک پر تحمل اور کشیدگی میں کمی پر زور دیا، مذاکرات ہی بہترین راستہ ہے۔ محترمہ کایا کالاس نے یہ بھی کہا کہ پاکستان کی ثالثی کی کوششیں انتہائی اہمیت کی حامل ہیں، امریکہ۔ ایران تنازعے نے دنیا کو توانائی کے سنگین بحران سے دوچار کیا جس کے باعث پائیدار جنگ بندی اور سفارتی عمل کے تسلسل کی ضرورت مزید بڑھ گئی ہے۔ اُن کا مزید کہنا تھا کہ پاک یورپی یونین تعلقات کو مزید مضبوط اور مستقبل کی ضروریات سے ہم آہنگ بنانا ضروری ہے، یہ شراکت داری تجارت اور اقتصادی ترقی کے حوالے سے اہم تو ہے ہی لیکن دونوں اطراف علاقائی اور عالمی استحکام کے حوالے سے بھی مشترکہ ترجیحات رکھتی ہیں۔ تجارت پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یورپی یونین بدستور پاکستان کی سب سے بڑی برآمدی منڈی ہے جس کا حجم امریکہ اور چین کے بعد پاکستان کی مجموعی برآمدات سے زیادہ ہے۔ وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے ای یو کے ساتھ تعلقات مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ سات سال بعد یورپ کے کسی اعلیٰ خارجہ پالیسی عہدیدار کا پاکستان کا یہ پہلا دورہ ہے، یورپی قیادت اور کایا کالاس کی طرف سے پاک بھارت کشیدگی اور امریکہ، ایران تنازع کے دوران پاکستان کے ساتھ مسلسل رابطہ قابلِ ستائش ہے۔ ڈائیلاگ کا تسلسل دونوں فریقوں کے درمیان متحرک اور مستقبل پر مبنی تعلقات کا عکاس ہے۔

ٹیم کی ڈائریکٹر پرائیویٹ اسکولز ڈیپارٹمنٹ کی آفس میں ڈپٹی ڈائریکٹر مظفر حسین بھرگڑی سے ملاقات

میرپورخاص (بیورسرپورٹ) پیپٹس اسٹوڈنٹس فیڈریشن آف پاکستان کی میرپورخاص ڈویژن کی ٹیم نے ڈائریکٹر پرائیویٹ اسکولز ڈیپارٹمنٹ کی آفس میں ڈپٹی ڈائریکٹر مظفر حسین بھرگڑی سے ملاقات کی، جس میں تنظیم کے اراکین محمد بخش کپری، بختیار شاہ، سمر رفیق خان اور علی حسن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

سول ہسپتال میرپورخاص اور جینیٹکس فارما کے اشتراک سے ذہنی صحت پر آگاہی سیمینار

میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر سول ہسپتال میرپورخاص، ڈاکٹر ہیمچی چوہان نے کہا کہ پہلے ہمیں ذہنی بیماریوں سے بچاؤ کے اصول سمجھ کر ان کی تشہیر کرنی چاہیے

میرپورخاص (بیورورپورٹ) جادو، جن، بھوت کا سایہ، یا ذہنی بیماری شیزوفرینیا کے موضوع پر سول ہسپتال میرپورخاص اور جینیٹکس فارما کے اشتراک سے مقامی ہوٹل میں ذہنی صحت پر آگاہی سیمینار کا انعقاد جادو، جن، بھوت کا سایہ، یا ذہنی بیماری شیزوفرینیا کے موضوع پر سول ہسپتال میرپورخاص اور جینیٹکس فارما کے اشتراک سے مقامی ہوٹل میں ذہنی صحت پر آگاہی سیمینار منعقد کیا گیا۔ اس موقع پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

معصوم پریا کو 2 سال سے زائد عرصہ ہو گیا پریا کماری کو جلد بازیاب کرایا جائے راز خان پٹھان

جیکب آباد (نامہ نگار) پاکستان تحریک انصاف کا پریا کماری کی بازیابی کیلئے احتجاج۔ تفصیلات کے مطابق: پاکستان تحریک انصاف معصوم پریا کو 2 سال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

پی ٹی آئی رہنما آفتاب قریشی سے لیبر ونگ صدر رانا اعظم، نصر اللہ خان آفریدی، نصرت اور سندھ ڈی جی ایس حمید راجپوت کی ملاقات

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف ڈویژن میرپورخاص کے صدر آفتاب قریشی سے قریشی ہاؤس میں لیبر ونگ کے صدر رانا اعظم، مرکزی سینئر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

جیکب آباد پولیس کا مقابلے میں ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار کرنے کا دعویٰ، اسلحہ برآمد، ملزم کے دو ساتھی موقع سے فرار ہو گئے

جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد پولیس کا مقابلے میں ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار کرنے کا دعویٰ، اسلحہ برآمد۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کی تحصیل گڑھی خیرو کے تھانہ گڑھی خیرو کی حدود بیگاری کینال بائی پاس کے قریب پولیس اور جرائم پیشہ عناصر کے درمیان مقابلہ ہوا جس کے نتیجے میں ایک ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا جبکہ اس کے دو ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے، ترجمان جیکب آباد پولیس کے مطابق پولیس پارٹی نے دوران گشت مشکوک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

جے یو آئی کے رہنما و معروف نعت خواں حافظ سلطان احمد ابڑو انتقال کر گئے، ڈاکٹر اے جی انصاری کی تعزیت

جیکب آباد (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام (جے یو آئی) جیکب آباد کے رہنما اور معروف نعت خواں حافظ سلطان احمد ابڑو دل کے عارضے کے باعث انتقال کر گئے۔ ان کے انتقال کی خبر سن کر سیاسی، سماجی اور مذہبی حلقوں میں گہرے دکھ اور افسوس کی لہر دوڑ گئی۔ جے یو آئی جیکب آباد کے ضلعی امیر ڈاکٹر اے جی انصاری نے اپنے تعزیتی بیان میں مرحوم کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

شی لیڈز میرپورخاص کی کوآرڈینیٹر فائزہ خان کی ریجنل الیکشن کمشنر پرویز احمد کلہوڑو اور ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر خالد حسین لنڈ سے ملاقات

میرپورخاص (بیورورپورٹ) شی لیڈز میرپورخاص کی کوآرڈینیٹر فائزہ خان نے ریجنل الیکشن کمشنر پرویز احمد کلہوڑو اور ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر میرپورخاص خالد حسین لنڈ سے ملاقات کی ملاقات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

جیکب آباد پولیس کی مختلف کارروائیاں، اغوا اور قتل کے مقدمات میں مطلوب تین ملزمان گرفتار، چوری شدہ مویشی برآمد

جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد پولیس کی مختلف کارروائیاں، اغوا اور قتل کے مقدمات میں مطلوب تین ملزمان گرفتار، چوری شدہ مویشی برآمد۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد پولیس نے مختلف کارروائیوں کے دوران اغوا اور قتل کے مقدمات میں مطلوب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

سیکریٹری بلدیات سندھ کی صدارت میں منعقدہ اعلیٰ سطح کے اجلاس میں میئر عبدالرؤف غوری کی بھرپور نمائندگی

میرپورخاص (بیورورپورٹ) میئر میرپورخاص عبدالرؤف غوری کی کراچی میں اہم اجلاس میں شرکت، ایشیائی ترقیاتی بینک کے تعاون سے شہر میں رکے ہوئے ترقیاتی منصوبے جلد شروع کرانے کے لئے سرگرم۔ سیکریٹری بلدیات سندھ کی صدارت میں منعقدہ اعلیٰ سطح کے اجلاس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

جے پی ایم سی میں اینڈوسکوپک کینسر کی مالیکیولر کلاسیفیکیشن پر ہائبرڈ تعلیمی سیشن، ماہرین کی جدید تشخیصی و علاجی طریقوں پر روشنی

کراچی (رپورٹ: پیر بخش نوناری) کراچی جناح پوسٹ گریجویٹ میڈیکل سینٹر (JPMC) کے شعبہ امراضِ نسواں و زچہ و بچہ یونٹ III (وارڈ B 9) میں اینڈوسکوپک کینسر کی مالیکیولر کلاسیفیکیشن کے موضوع پر ایک ہائبرڈ تعلیمی سیشن منعقد کیا گیا۔ یہ سیشن ڈاکٹر نگہت کی سرپرستی میں منعقد ہوا جبکہ اس کے انعقاد میں ڈاکٹر صبا خان نے کلیدی کردار ادا کیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

محرم الحرام کے سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ، ایس ایس پی میرپورخاص کی فول پروف سیکیورٹی یقینی بنانے کی ہدایت

میرپورخاص (بیورورپورٹ) محرم الحرام کے سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ، ایس ایس پی میرپورخاص کی فول پروف سیکیورٹی یقینی بنانے کی ہدایت، میرپورخاص میں محرم الحرام کے دوران امن و امان کی صورتحال اور سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے ایس ایس پی آفس میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت ایس ایس پی سید فدا حسین شاہ نے کی، اجلاس میں محرم الحرام بالخصوص یومِ عاشور کے جلوسوں اور مجالس کے لیے سیکیورٹی پلان، ٹریفک مینجمنٹ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

GOLD RATE

سونا 24K۔(10 گرام)	364,369
سونا 24K۔(فی تولہ)	425,000
سونا 22K۔(10 گرام)	334,005
سونا 22K۔(فی تولہ)	389,684
چاندی۔(10 گرام)	6985

نماز ٹائمنگ

فجر	5:21 am
ظہر	12:16 pm
عصر	4:16 pm
مغرب	5:52 pm
عشاء	7:09 pm

نرخ نامہ برائے پولٹری

نام	قیمت
برائلر مرغی	270/kg
برائلر مرغی کا گوشت	430/kg
انڈے (فارم) ہول سیل	4980
انڈے (فارم) ریٹیل	169(Dozen)

ٹرینوں کی آمد و رفت

علامہ اقبال ایکسپریس	0:00	8:10
ہزارہ ایکسپریس	6:15	6:00
عوام ایکسپریس	7:00	7:16
سکھر ایکسپریس	10:35	10:25
کراچی ایکسپریس	4:30	0:00
بہاؤالدین زکریا	5:50	4:40
شالیمار ایکسپریس	6:00	6:16
پاکستان ایکسپریس	0:00	8:35
گرین لائن	0:00	1:55
تیز گام	5:30	0:00

شرح تبادلہ

کرنسی	قیمت خرید	قیمت فروخت
امریکی ڈالر	282.5	282.8
یورو	331.95	335.45
برطانوی پونڈ	381.1	384.1
امارات درہم	76.8	77.8
سعودی ریال	75.7	76.35
کویتی دینار	902.50	912.00
کینیڈین ڈالر	195.60	198.00
آسٹریلین ڈالر	176.25	178.50
عمانی ریال	724.50	733.00
جاپانی ین	1.91	1.97
ملائیشین رنگٹ	62.18	62.78
قطری دینار	76.18	76.88
بحرین دینار	740.30	748.30
ہانگ کانگ ڈالر	36.24	36.59
سنگاپور ڈالر	210	212
بھارتی روپیہ	3.12	3.21

International Roundup

ترتیب: علیم نواب خان
تصاویر: نسیم خان

شیخ سلطان بن احمد القاسمی کی زیر صدارت جامعہ شارجہ بورڈ اجلاس، ترقیاتی منصوبوں کی منظوری

شیخ سلطان بن احمد القاسمی کی قیادت میں جامعہ شارجہ کی تعلیمی، تحقیقی اور ادارہ جاتی ترقی کے لیے اہم فیصلے کیے گئے

شیخ سلطان بن احمد نے یونیورسٹی کی نمایاں کامیابیوں کو سراہا جنہوں نے عالمی درجہ بندی میں اس کی پوزیشن بہتر بنائی

2026-2027 کا 1.36 ارب درہم بجٹ منظور، 1927 طلبہ کی گریجویشن اور نئے تعلیمی پروگرامز کی منظوری دی گئی



شارجہ (بزنس رپورٹر) شارجہ کے نائب حکمران اور جامعہ شارجہ کے صدر، عزت مآب شیخ سلطان بن احمد بن سلطان القاسمی نے بدھ کے روز جامعہ شارجہ کے بورڈ آف ٹرسٹیز کے اجلاس کی صدارت یونیورسٹی کیمپس میں اپنے دفتر میں کی۔ اجلاس کے آغاز میں انہوں نے نئے بورڈ اراکین کا خیر مقدم کیا اور سابقہ بورڈ کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی کاوشوں نے جامعہ کی ترقی میں اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے موجودہ بورڈ کی صلاحیتوں پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کی تجاویز جامعہ کو مزید آگے لے جائیں گی۔ شیخ سلطان بن احمد نے یونیورسٹی کی نمایاں کامیابیوں کو سراہا جنہوں نے عالمی درجہ بندی میں اس کی پوزیشن بہتر بنائی۔ انہوں نے مصنوعی ذہانت، روبوٹکس، ہیلتھ کیئر سمولیشن اور جدت کے شعبوں میں شروع کیے گئے اہم منصوبوں کو بھی سراہا۔ انہوں نے کہا کہ اگلے مرحلے میں تحقیقاتی نظام کو مزید مضبوط بنانے، تعلیمی پروگرامز کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور نئی ٹیکنالوجیز کو تعلیم و تحقیق میں شامل کرنے کی ضرورت ہے۔ اجلاس میں 2026-2027 تعلیمی سال کے لیے 1.36 ارب درہم کا بجٹ منظور کیا گیا جبکہ 1927 طلبہ کی گریجویشن کی منظوری بھی دی گئی، جن میں 1500 بیچلرز، 66 پی ایچ ڈی، 355 ماسٹرز اور 6 پوسٹ گریجویٹ ڈپلومہ کے حامل طلبہ شامل ہیں۔ بورڈ نے مختلف نئے تعلیمی پروگرامز کی منظوری دی جن میں پی ایچ ڈی اِن نرسنگ، ایڈوانسڈ ڈائیگنوسٹک سائنسز، ماسٹرز اِن نیوکلیئر ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل میڈیا اور بی اے اِن سائیکالوجی شامل ہیں۔ اجلاس میں جامعہ شارجہ روبوٹکس سینٹر کے قیام اور LG کے اشتراک سے انوویشن سینٹر کے قیام کی منظوری بھی دی گئی جبکہ فلسطینی مطالعات کے مرکز کی سرگرمیوں کا جائزہ لیا گیا۔ مزید برآں، یونیورسٹی کی EDGE اسٹریٹیجی 2024-2030، تحقیقاتی نظام کو مضبوط بنانے کے منصوبے، گورننس فریم ورک اور تنظیمی ڈھانچے کی منظوری دی گئی۔ بورڈ نے 23 اساتذہ کی ترقی کی منظوری بھی دی، جن میں 13 کو پروفیسر اور 10 کو ایسوسی ایٹ پروفیسر کے عہدے پر ترقی دی گئی۔ اجلاس میں وائس چانسلر پروفیسر عصام الدین اگامی نے 2025-2026 کے دوران یونیورسٹی کی کارکردگی پر رپورٹ پیش کی، جس میں تحقیق، انفراسٹرکچر، عالمی درجہ بندی، طلبہ کی کامیابیوں اور نئے پروگرامز کی منظوری پر روشنی ڈالی گئی۔ رپورٹ کے مطابق جامعہ شارجہ میں اب 158 منظور شدہ تعلیمی پروگرامز دستیاب ہیں جبکہ عالمی سطح پر اس کی کارکردگی میں مسلسل بہتری آ رہی ہے۔

☆☆☆

شیخ نہیان بن مبارک کا دبئی میں ارقم کیپیٹل مینا انویسٹر کانفرنس کا شاندار افتتاح

شیخ نہیان بن مبارک اور شیخ محمد بن زاید کی قیادت میں یو اے ای کو عالمی سرمایہ کاری، جدت اور شراکت داری کا مرکز قرار دیا گیا

دبئی میں ارقم کیپیٹل کانفرنس میں علاقائی و عالمی سرمایہ کار، خود مختار فنڈز، ماہرین معیشت اور مالیاتی اداروں کے رہنماؤں کی شرکت

شیخ محمد بن راشد کی قیادت میں دبئی کو عالمی معاشی ترقی، سرمایہ کاری اور کاروباری مرکز بنانے کی کامیابیوں کو سراہا گیا

دبئی (بزنس رپورٹر) متحدہ عرب امارات کے وزیر برائے رواداری و بقائے باہمی، شیخ نہیان بن مبارک النہیان نے ارقم کیپیٹل کی 13 ویں سالانہ MENA انویسٹر کانفرنس کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ صدر شیخ محمد بن زاید النہیان کی قیادت میں یو اے ای عالمی سرمایہ کاری، جدت اور بین الاقوامی شراکت داری کا ایک مضبوط مرکز بنتا جا رہا ہے۔ یہ کانفرنس 3 اور 4 جون کو دبئی انٹرنیشنل فنانشل سینٹر کے رِٹز کارلٹن ہوٹل میں منعقد ہوئی، جس میں علاقائی اور عالمی سرمایہ کاروں، خود مختار ویلتھ فنڈز، لسٹڈ کمپنیوں، پالیسی سازوں، ماہرین معیشت اور مالیاتی مارکیٹس کے رہنماؤں نے شرکت کی۔ اپنے کلیدی خطاب میں شیخ نہیان بن مبارک نے کہا کہ یہ کانفرنس خطے میں سرمایہ کاری اور معاشی ترقی کے مستقبل پر گفتگو کے لیے ایک اہم پلیٹ فارم بن چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سال کا تھیم ''ریزیلینس سے مارکیٹ لیڈرشپ تک'' اس حقیقت کی عکاسی کرتا ہے کہ MENA خطہ اب عالمی سرمایہ کاری کے رجحانات کو تشکیل دے رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ علاقائی حالات نے ثابت کیا ہے کہ امن اور استحکام کو برقرار رکھنا آسان نہیں، مگر یو اے ای نے غیر یقینی صورتحال کے باوجود معاشی استحکام اور ترقی کو برقرار رکھا ہے، جو دانشمند قیادت اور طویل المدتی منصوبہ بندی کا نتیجہ ہے۔ شیخ نہیان نے مزید کہا کہ یو اے ای نے فنانس، توانائی، ٹیکنالوجی، تعلیم، صحت اور ثقافت سمیت مختلف شعبوں میں عالمی مقام حاصل کیا ہے اور یہ ملک بین الاقوامی مکالمے اور جدت کا مرکز بن چکا ہے۔ انہوں نے شیخ محمد بن راشد المکتوم کی قیادت میں دبئی کی کامیابیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ دبئی عالمی سطح پر ترقی، کھلے پن اور موثر حکمرانی کی مثال بن چکا ہے۔ کانفرنس میں MENA خطے میں سرمایہ کاری کے بڑھتے مواقع، اسٹاک ایکسچینجز کی ترقی، IPO مارکیٹس، سکوک، بینکاری نظام، رئیل اسٹیٹ، توانائی، مصنوعی ذہانت اور سرحد پار سرمایہ کاری جیسے اہم موضوعات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا جا رہا ہے۔ ارقم کیپیٹل کے سی ای او ریاض ملیتی نے کہا کہ مشرق وسطیٰ اور شمالی افریقہ اب صرف عالمی سرمایہ کاری کا مرکز نہیں بلکہ خود ایک مضبوط سرمایہ فراہم کرنے والا خطہ بن چکا ہے، جو عالمی معاشی نظام کو متاثر کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ادارہ خطے میں سرمایہ کاری اور معاشی ترقی کے اگلے مرحلے میں اہم کردار ادا کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

☆☆☆

بقیہ نمبر 1 — قوم کی آواز

میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر سول ہسپتال میرپورخاص، ڈاکٹر نجمی چوہان، نے کہا کہ پہلے ہمیں ذہنی بیماریوں سے بچاؤ کے اصول سمجھ کر ان کی تشہیر کرنی چاہیے تاکہ ذہنی مسائل سے دوچار افراد کو صحت یاب کر کے معاشرے کا کارآمد فرد بنایا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ ایک رپورٹ کے مطابق پاکستان میں تقریباً 9 کروڑ افراد ذہنی بیماریوں سے متاثر ہیں، اس لیے دیگر بیماریوں کے ساتھ ساتھ ذہنی صحت پر بھی توجہ دینا ضروری ہے۔ کنسلٹنٹ سائیکاٹرسٹ ڈاکٹر للیش کمار کھترری نے بتایا کہ دنیا میں 1.2 بلین لوگ ذہنی بیماریوں کا شکار ہیں۔ ذہنی امراض کے متعدد اسباب ہیں جن میں انزائٹی، شیزوفرینیا، نیروسز، ڈپریشن اور ماحولیاتی عوامل شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آبادی کے تقریباً ایک فیصد افراد شیزوفرینیا سے متاثر ہو سکتے ہیں۔ ڈاکٹر للیش نے مزید کہا کہ میرپورخاص ڈویژن کی 45 لاکھ آبادی میں سے اندازاً 22 تا 23 ہزار افراد ذہنی امراض میں مبتلا ہیں اور 33 تا 40 فیصد مریض بروقت ماہر ڈاکٹر سے معائنہ اور مناسب علاج کروا کر مکمل یا جزوی طور پر صحت یاب ہو سکتے ہیں۔ سیمینار میں سماجی رہنما شہزاد ملک، طاہرہ اعجاز، نجمہ شیخ، ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر وسدیو مالی، سول سوسائٹی کے محمد بخش کپری، ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر انور حسین خاصخیلی اور ڈاکٹر افضل لغاری نے بھی خطاب کیا۔ مقررین نے شیزوفرینیا اور دیگر ذہنی بیماریوں کی بروقت تشخیص، سماجی ہم آہنگی، خاندانوں کی تربیت اور علاج کے بارے میں شعور بیدار کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ مرض کے ابتدائی اشاروں کو نظرانداز کرنے سے مریض کی حالت بگڑ سکتی ہے، اس لیے گھریلو سطح پر علامات جیسے غیر معمولی سوچ، سماجی رویے میں تبدیلی، بےچینی یا شدید اداسی کو سنجیدگی سے لینا ضروری ہے۔ شرکاء کے سوالات کے جواب میں ماہرین نے کہا کہ مذہبی رہنماؤں، اساتذہ اور مقامی کمیونٹی لیڈرز کو بھی آگاہی مہم میں شامل کیا جائے تاکہ بدنامی کے تصورات اور نفرت کو ختم کیا جا سکے۔ سیمینار میں سوشل سوسائٹی کے شیر محمد سولنگی، محمد رفیق لغاری، پاک گرین فاؤنڈیشن کے محمد نواز خان، جرمنلسٹ بختیار شاہ، ڈاکٹر ماجد خان، ممتاز لغاری، سکندر مری، فیملی نرسز، پاپولیشن ویلفیئر اور سول سوسائٹی کے دیگر نمائندگان نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 2 — قوم کی آواز

کے دوران ہاٹھ بیلی فاٹین اور الیکشن کمیشن کے درمیان 2007 سے 2024 تک ووٹر آگاہی، عام انتخابات اور ضمنی انتخابات کے مشاہدے کے حوالے سے قائم مؤثر اور تعمیری شراکت داری پر تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر مقامی حکومتوں کے منتخب نمائندوں، خصوصاً خواتین کونسلرز اور یوسی چیئرپرسنز کو تحرک کرنے اور لوکل گورنمنٹ وبین کونسلرز نیٹ ورک کے قیام سے متعلق پیش رفت بھی شیئر کی گئی مزید برآں، سیاسی اور انتخابی عمل میں خواتین کی بامعنی شمولیت کو فروغ دینے کے لیے باصلاحیت اور ابھرتی ہوئی خواتین کی نشاندہی اور ان کی حوصلہ افزائی کے اقدامات پر بھی گفتگو کی گئی ملاقات میں خواتین کی سیاسی قیادت، جمہوری عمل میں شمولیت اور انتخابی عمل میں مؤثر کردار کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ نمبر 3 — قوم کی آواز

تین ملزمان کو گرفتار کر لیا جبکہ چوری شدہ موبیئل برآمد کر کے اصل مالکان کے حوالے کر دیے گئے، پولیس ترجمان کے مطابق تھانہ ایئرپورٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اغوا کے مقدمے میں مطلوب دو ملزمان ڈاؤد عرف فقیر و بگلانی اور معشوق علی بگلانی کو سومرا شاخ کے قریب سے گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان کے خلاف تھانہ ایئرپورٹ میں مقدمہ درج کر لیا گیا ہے، دوسری کارروائی میں تھانہ اے سیکشن ٹھل پولیس نے قتل کے مقدمے میں مطلوب ملزم زاہد حسین جعفری کو گرفتار کر لیا، پولیس نے ملزم کے قبضے سے ایک بغیر لائسنس کلاشنکوف بھی برآمد کر لی، ادھر تھانہ بی سیکشن ٹھل پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے دو شہریوں عبدالغفور نصیرانی اور محبت بروہی کے چوری شدہ موبیئل برآمد کر کے پولیس نے ضروری تصدیق کے بعد موبیئل ان کے اصل مالکان کے حوالے کر دیے۔

بقیہ نمبر 4 — قوم کی آواز

میں میئر عبدالرؤف غوری کی بھرپور نمائندگی، میرپورخاص کے بلدیاتی انفراسٹرکچر بہتری کی فراہمی اور سیوریج کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کا عزم۔ تفصیلات کے مطابق میئر میرپورخاص عبدالرؤف غوری نے سندھ سیکنڈری سٹیز امپروونٹ انویسٹمنٹ پروگرام (SSCIIP) کے تحت ایشیائی ترقیاتی بینک (ADB) کے تعاون سے منعقدہ پروجیکٹ ریڈینس فنانسنگ (PRF) کے ایک انتہائی اہم اور اعلیٰ سطح کے اجلاس میں شرکت کی ہے جس کی صدارت سیکریٹری بلدیات سندھ نے سندھ سیکریٹریٹ کراچی میں کی جبکہ اس اہم اجلاس میں میئر عبدالرؤف غوری کے ہمراہ میئر سکھر، میئر حیدرآباد، میئر نوابشاہ اور محکمہ بلدیات کے دیگر متعلقہ اعلیٰ افسران بھی موجود تھے اس موقع پر اجلاس میں سندھ کے تمام ڈپوٹیز فوکل ہیڈ کوارٹرز بشمول میرپورخاص میں شہری وآبی منصوبوں، پینے کے صاف پانی کی فراہمی، سیوریج سسٹم کی درستگی، نکاسی؟ آب، صفائی ستھرائی کے نظام اور بلدیاتی انفراسٹرکچر کی مجموعی بہتری کے لئے جلد از جلد عملی کام شروع کرنے کا اصولی فیصلہ کیا گیا ہے واضح رہے کہ میرپورخاص میں ایشیائی ترقیاتی بینک (ADB) کے پیکج کے تحت متعدد اہم ترقیاتی کام اور منصوبے طویل عرصے سے رکے ہوئے تھے جس کی وجہ سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا تھا تاہم اب میئر میرپورخاص عبدالرؤف غوری کی خصوصی دلچسپی، مخلصانہ کوششوں اور اس اہم اجلاس میں فعال شرکت کی بدولت ان تمام رکے ہوئے ترقیاتی منصوبوں کو دوبارہ اور انتہائی تیزی سے شروع کرنے کی قوی امید پیدا ہو چکی ہے جس سے شہر میں ترقی کا ایک نیا دور شروع ہوگا اور شہریوں کو بنیادی سفری و بلدیاتی سہولیات میسر آئیں گی میئر عبدالرؤف غوری نے اجلاس کے دوران میرپورخاص کے بلدیاتی مسائل کو بہترین انداز میں اجاگر کیا اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ شہری تعمیر و ترقی اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے ایشین بینک کے تعاون سے چلنے والے ان تمام منصوبوں کو شفافیت کے ساتھ جلد سے جلد مکمل کروایا جائے گا۔

بقیہ نمبر 5 — قوم کی آواز

نون شامل تھے۔ ملاقات میں فیڈریشن کے ارکان نے اپنے ضلعی سرگرمیوں اور طلبہ کے مسائل پر تبادلہ خیال کیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر نے مہمانوں کا خیرمقدم کیا اور فیڈریشن کی کاوشوں کی تعریف کی۔ اس موقع پر فیڈریشن نے نجی اسکولوں سے متعلق چند اہم معلومات اور سفارشات پر مبنی تحریری درخواستیں بھی ڈائریکٹر آفس میں جمع کروائیں۔ ملاقات کے دوران دونوں فریقین نے تعلیمی معیار، فیسوں کے ضوابط، رجسٹریشن اور نجی اسکولوں کی نگرانی جیسے امور پر تبادلہ؟ خیال کیا اور باہمی تعاون کو فروغ دینے کی یقین دہانی کرائی گئی۔ فیڈریشن کے نمائندوں نے کہا کہ وہ بچوں کے تعلیمی مفاد اور بہتر تعلیمی ماحول کے لیے ادارہ جاتی اور حکومتی سطح پر مسائل اٹھاتے رہیں گے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر مظفر حسین بھرگڑی نے اس موقع پر یقین دلایا کہ متعلقہ تحریری درخواستوں کا جائزہ لے کر مناسب کارروائی کی جائے گی اور نجی اسکولوں کے حوالے سے درپیش مسائل حل کرنے میں ضروری تعاون کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں فوری طور پر چند بنیادی معلومات کی فراہمی اور آئندہ مشترکہ اجلاس کی تجویز بھی دی گئی، جس کے ذریعے نجی اسکولوں کی نگرانی اور ضابطوں پر تفصیلی بات چیت کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 6 — قوم کی آواز

باہمی رابطوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، اس موقع پر حساس مقامات کی نگرانی، داخلی و خارجی راستوں کی چیکنگ اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے اقدامات پر بھی غور کیا گیا، ایس ایس پی سید فدا حسین شاہ نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ محرم الحرام کے دوران فول پروف سیکیورٹی انتظامات کو یقینی بنایا جائے، حساس علاقوں میں نگرانی کا نظام مزید مؤثر بنایا جائے اور عزاداروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے تاکہ تمام مجالس اور جلوس پرامن اور محفوظ ماحول میں منعقد ہو سکیں، انہوں نے کہا کہ امن وامان کے قیام کے لیے تمام ادارے باہمی تعاون اور ہم آہنگی کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں انجام دیں۔

بقیہ نمبر 7 — قوم کی آواز

حافظ سلطان احمد ابڑو ایک مخلص، باکردار اور دینی جذبے سے سرشار شخصیت تھے، جنہوں نے جمعیت علماء اسلام اور دینِ اسلام کی خدمت میں گراں قدر خدمات انجام دیں۔ انہوں نے مرحوم کے درجات کی بلندی، مغفرت اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی تمام لغزشوں کو معاف فرمائے اور انہیں اپنی جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے۔ جے یو آئی کے دیگر رہنماؤں نے بھی حافظ سلطان احمد ابڑو کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے اہل خانہ، عزیز و اقارب اور عقیدت مندوں سے ہمدردی کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پسماندگان کو یہ صدمہ صبر و استقامت کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے

بقیہ نمبر 8 — قوم کی آواز

اس موقع پر ماہر مقرر ڈاکٹر عظمیٰ چشتی نے ایک جامع اور معلوماتی پریزنٹیشن پیش کی، جس میں ایڈمنسٹریٹر سٹی کینسر کی مالیکیولر کلاسیفکیشن میں ہونے والی جدید پیش رفت اور اس کی طبی اہمیت پر تفصیلی روشنی ڈالی گئی سیشن کے دوران انتظام وعلاج کے بنیادی اصولوں اور اہم نکات پر ایک انٹرایکٹو مباحثہ بھی ہوا، جس نے شرکاء کی فعال شرکت اور علمی تبادلے کو فروغ دیا۔ شرکاء نے خصوصی طور پر لچسپ کوئز سیشن کو سراہا، جس نے اہم تعلیمی نکات کو مزید مؤثر انداز میں اجاگر کیا ڈاکٹر نجمی نے اپنے خطاب میں اس بات پر زور دیا کہ مالیکیولر کلاسیفکیشن خطرے کی درست درجہ بندی (رسک اسٹریٹیفکیشن) اور علاج کے بہتر فیصلوں میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے کم اور درمیانی آمدنی والے ممالک (LMICs) میں اس کے وسیع پیمانے پر نفاذ کی ضرورت پر بھی زور دیا تاکہ مریضوں کے علاج کے نتائج بہتر بنائے جا سکیں اور دستیاب وسائل کا مؤثر استعمال یقینی بنایا جا سکے تقریب میں غیر معمولی دلچسپی دیکھنے میں آئی، جہاں ہال مکمل طور پر شرکاء سے بھر گیا جبکہ پاکستان بھر سے بڑی تعداد میں ماہرین اور طبی پیشہ ور افراد نے آن لائن شرکت کی۔ یہ امر گائنا کولوجیکل آنکولوجی اور پریسیژن میڈیسن میں بڑھتی ہوئی دلچسپی کا مظہر ہے شرکاء نے سیشن کو بے حد سراہا اور اسے اینڈومیٹریئل کینسر کے مریضوں کی دیکھ بھال سے وابستہ معالجین کے لیے ایک مفید اور عملی تعلیمی سرگرمی قرار دیا

بقیہ نمبر 9 — قوم کی آواز

افراد کو رکنے کا اشارہ کیا تو ملزمان نے پولیس کو دیکھتے ہی فرار ہونے کی کوشش کرتے ہوئے فائرنگ شروع کر دی، پولیس کی جوابی کارروائی کے دوران ایک ملزم زخمی ہو گیا جسے گرفتار کر لیا گیا، گرفتار ملزم کی شناخت عمران علی دستی کے نام سے ہوئی ہے، پولیس نے ملزم کے قبضے سے ایک بغیر لائسنس پستول بھی برآمد کر لیا ہے، پولیس کے مطابق ملزم کے دو ساتھی موقع سے فرار ہو گئے جن کی گرفتاری کے لیے مختلف مقامات پر چھاپوں کا سلسلہ جاری ہے۔

بقیہ نمبر 10 — قوم کی آواز

نائب صدر نصر اللہ خان آفریدی، سندھ کے وائس پریزیڈنٹ نصرت اور سندھ ڈی جی ایس حمید راجپوت نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر چیئرمین عمران خان کی رہائی، گلگت بلتستان کے آئندہ انتخابات اور پاکستان تحریک انصاف میرپورخاص کی تنظیمی امور پر خصوصی گفتگو ہوئی۔ رہنماؤں نے پارٹی کے نظریے کو مزید مؤثر انداز میں عوام تک پہنچانے، تنظیمی ڈھانچے کو مضبوط بنانے اور کارکنان کے ساتھ رابطوں کو مزید فعال کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

بقیہ نمبر 11 — قوم کی آواز

سے زائد عرصہ ہو گیا ہے جو اغوا ہوئی ہے اب تک بازیاب نہیں ہوئی رہنما پی ٹی آئی سندھ کے متحرک رہنما راز خان پٹھان کی قیادت میں معصوم پریا کماری کی بازیابی کے لیے کارکنان کامران علی چنڈیو، سجاد چاچڑ، شعبان، ایاز، سعید عباسی اور دیگر نے پریا کماری کے تصویریں اور پلے کارڈ اٹھا کر احتجاج کیا میڈیا سے بات کرتے ہوئے راز خان پٹھان نے کہا کہ معصوم پریا کو 2 سال سے زائد عرصہ ہو گیا ہے جو اغواء ہوئی ہے اب تک بازیاب نہیں ہوئی انکے ورثا نے کئی بار احتجاج کیا مگر سندھ پولیس نے بازیاب کرانے کے لیے صرف وعدے کیا پریا کی والدہ بیٹی کیلئے روتی ہیں اور صدمے میں بیمار پڑی ہے کیا کچے کے ڈاکو اتنے طاقتور ہے راز خان نے کہا کہ قانون اس وقت حرکت میں آتی ہے جب تحریک انصاف اور عمران خان کے کارکن پرامن احتجاج کرتے ہے انکو گرفتار کرتی ہے ملک میں قانون صرف غریب کے لیے ہے راز خان نے کہا کہ میں سندھ دھرتی ماں کے تمام سیاسی مذہبی اقلیتیں اور سوشل ورکرس کو ہاتھ جوڑ کر کہتا ہوں کہ معصوم پریا کماری کی بازیابی کیلئے اواز اٹھائیں اور آگے آئیں تاکہ بچی بازیاب ہو کر اپنے والدین کو مل جائیں

بقیہ نمبر 12 — قوم کی آواز

پنشن دائر کر دی ہے، بجٹ 2026-2027 کی حتمی منظوری باقی کے وژن کے مطابق ہونی اور باقی کی مشاورت ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام نے پانی کے وژن کو ووٹ دیا۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ پانی کی آگہ کا 25 فیصد نقصان ہو چکا، علاج اور ملاقاتوں میں رکاوٹ تشویشناک ہے، اہل خانہ، وکلا اور پارٹی رہنماؤں سے نہ ملنے دینا زیادتی ہے۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ حکومت معیشت کی بہتری کے بجائے سیاسی انتقام میں مصروف ہے، پاکستان میں مہنگائی، بے روزگاری اور غربت میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، صنعت کارٹیکٹریاں بند کر کے سرمایہ بیرون ملک منتقل کر رہے ہیں، کسان مشکلات کا شکار، حکومتی پالیسیوں نے زراعت کو نقصان پہنچایا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ 45 فیصد سے زائد آبادی غربت کی لکیر سے نیچے جا چکی ہے، قومی قرضہ چند برسوں میں 43 ہزار ارب سے بڑھ کر 97 ہزار ارب روپے تک پہنچ گیا۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا پولیس پر 30 ارب روپے سے زائد خرچ ہے۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام کو بانی کی حمایت کی سزا دی جا رہی ہے، 25 کروڑ عوام کا کی خواہش ہے کہ عوام کے فیصلے ہونے چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت کی ترجیح پانی اور پی ٹی آئی کو محدود کرنا ہے، عوامی مسائل نہیں، پاکستان کو سیاسی کشمکش نہیں، معاشی استحکام اور ترقی کی ضرورت ہے۔

بقیہ نمبر 13 — قوم کی آواز

نے ان خیالات کا اظہار اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے ایک وفد سے ملاقات کے دوران کیا جس کی قیادت چیمبر کے صدر سردار طاہر محمود کر رہے تھے۔ وفد نے ترک سفارتخانے کا دورہ کیا جہاں دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری اور کاروباری روابط کے فروغ کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترک سفیر نے پاکستان اور ترکیہ کے درمیان دیرینہ، مثالی اور برادرانہ تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک مشترکہ اقدار، باہمی اعتماد اور گہری دوستی کے رشتوں میں بندھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بہترین سفارتی تعلقات کے باوجود دوطرفہ تجارتی حجم دونوں ممالک کی معاشی استعداد کے مطابق نہیں ہے۔ اس خلا کو پُر کرنے کے لیے نجی شعبے، چیمبرز آف کامرس اور سرمایہ کاروں کے درمیان روابط کو مزید مستحکم بنانے کی ضرورت ہے۔ ڈاکٹر عرفان نذیر اوغلو نے پاکستانی اور ترک کاروباری برادریوں کے درمیان مضبوط روابط کے فروغ کے لیے ترک سفارتخانے کے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ انہوں نے کہا کہ تجارتی وفود کے باقاعدہ تبادلے، بزنس نیٹ ورکنگ اور ادارہ جاتی تعاون کے ذریعے دوطرفہ تجارتی و سرمایہ کاری تعلقات کو نئی بلندیوں تک پہنچایا جا سکتا ہے۔ اس موقع پر آئی سی سی آئی کے صدر سردار طاہر محمود نے کہا کہ ترکیہ پاکستانی عوام کے دلوں میں ایک خصوصی مقام رکھتا ہے اور پاکستان کا ایک اہم اقتصادی شراکت دار ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک تعمیرات، سیاحت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، زراعت، فوڈ پروسیسنگ، صحت، تعلیم، قابلِ تجدید توانائی اور مینوفیکچرنگ سمیت متعدد شعبوں میں وسیع تعاون کے مواقع رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری ترکیہ کے ساتھ اقتصادی روابط کے فروغ اور کاروباری برادری کے لیے نئے مواقع پیدا کرنے کے لیے سرگرم کردار ادا کر رہا ہے۔ سردار طاہر محمود نے سفیر کو آگاہ کیا کہ آئی سی سی آئی اگست 2026ء میں ترکیہ کے لیے ایک اعلیٰ سطحی کاروباری وفد لے جانے کا ارادہ رکھتا ہے جس کا مقصد سرمایہ کاری کے مواقع تلاش کرنا، براہِ راست کاروباری روابط قائم کرنا اور دوطرفہ تجارت کو فروغ دینا ہے۔ انہوں نے ترک سفارتخانے سے درخواست کی کہ وہ اس دورے کے دوران ترک چیمبرز آف کامرس، تجارتی تنظیموں اور ممتاز کاروباری شخصیات کے ساتھ ملاقاتوں کے انعقاد میں تعاون فراہم کرے۔ سردار طاہر محمود نے مزید کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے نجی شعبوں کے درمیان قریبی تعاون تجارتی حجم میں اضافے، سرمایہ کاری کے فروغ اور دونوں ممالک کی پائیدار اقتصادی ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ مضبوط ادارہ جاتی روابط اور کاروباری وفود کے باقاعدہ تبادلے دونوں ممالک کی دیرینہ دوستی کو مزید مضبوط معاشی شراکت داری میں تبدیل کرنے میں مددگار ثابت ہوں گے۔ ملاقات میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ پاکستان اور ترکیہ کی کاروباری برادریوں کے درمیان روابط کو مزید فروغ دینے، دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری کے مواقع بڑھانے اور مشترکہ اقتصادی تعاون کو مستحکم بنانے کے لیے قریبی رابطہ اور تعاون جاری رکھا جائے گا۔ آئی سی سی آئی کے وفد میں نائب صدر عرفان چوہدری، سابق صدر شیخ عامر وحید، ایگزیکٹو ممبرز والقرنین عباسی اور سیکرٹری جنرل غلام رتفی شامل تھے۔

بقیہ نمبر 14 — قوم کی آواز

پاکستان جیمز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق اس کمی کے بعد ملک میں فی تولہ سونے کا دام 4 لاکھ 67 ہزار 762 روپے ہو گیا ہے۔ 10 گرام سونے کی قیمت 7373 روپے ہو کر 401030 روپے ہو گئی۔ انٹربینکنگ مارکیٹ میں 86 ڈالر کی کمی سے فی اونس سونا 4454 ڈالر پر آ گیا۔ مقامی مارکیٹ میں فی تولہ چاندی کی قیمت بھی 259 روپے گر کر 7894 روپے پر آ گئی۔

بقیہ نمبر 15 — قوم کی آواز

کارڈ، چلڈرن رجسٹریشن سرٹیفکیٹ (بے فارم) اور دیگر متعلقہ سہولیات ان کے قریب فراہم کی گئیں۔ اس اقدام کا مقصد عوام کو ناردا فاتر کے طویل چکروں اور انتظار کی زحمت سے بچاتے ہوئے ان کے علاقے میں ہی سہولیات فراہم کرنا تھا۔ موبائل وین کے ذریعے نئے قومی شناختی کارڈ بنوانے، تجدید کرانے، گمشدہ شناختی کارڈ کی دوبارہ اجراء، بچوں کے بی فارم اور دیگر ضروری دستاویزی خدمات حاصل کی گئیں۔ اس موقع پر شہریوں نے اس سہولت کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ موبائل وین کی آمد سے وقت اور اخراجات دونوں کی بچت ہوگی۔ عوامی حلقوں نے رکن قومی اسمبلی صوفیہ سید شاہ کی کاوش کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ مستقبل میں بھی عوامی سہولت کے ایسے اقدامات جاری رہیں گے۔

بقیہ نمبر 16 — قوم کی آواز

کے استحکام کا ضامن بنایا جائے۔ میئٹی نے کہا کہ مہنگائی کی مسلسل بڑھتی ہوئی شرح کے پیش نظر سرکاری ونجی شعبے کے ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں خاطر خواہ اضافہ کیا جائے تاکہ عوام کو بڑھتے ہوئے معاشی دباؤ سے نجات مل سکے۔ مرکزی کمیٹی کے اجلاس میں اس امر پر زور دیا گیا کہ بجٹ میں نئے ٹیکسوں اور عوام پر مزید مالی بوجھ ڈالنے سے گریز کیا جائے۔ اشیائے خوردونوش، بجلی، گیس، پیٹرولیم مصنوعات اور روزمرہ استعمال کی دیگر ضروری اشیا کی قیمتوں میں کمی کے لیے خصوصی اقدامات کیے جائیں تاکہ عام شہریوں کو حقیقی ریلیف مل سکے۔

بقیہ نمبر 17 — قوم کی آواز

حالیہ ملاقات کیا۔ ایس ایم تنویر نے علاقائی کشیدگی میں ثالثی میں غیر معمولی سفارتی کردار ادا کرنے پر وزیراعظم اور چیف آف ڈیفنس فورسز جنرل عاصم منیر دونوں کی تعریف کی اور امید ظاہر کی کہ ان کی امن کی کوششوں کو مستقبل کے مورخین سنہرے حروف میں لکھیں گے۔ معیشت کو بحال کرنے کے لیے ایس ایم تنویر نے بجٹ سے متعلق کئی اہم مطالبات کا خاکہ پیش کیا۔ انہوں نے 30 ارب ڈالر پر پھنسی برآمدات پر سال بہ سال برآمدات میں اضافے پر ڈی ایل ٹی ایل کے تحت 10 فیصد چھوٹ کی تجویز پیش کی۔ اس کے علاوہ انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ وہ علاقائی طور پر مسابقتی بجلی کے ٹیرف کو 9 سینٹ فی کلو واٹ آور سے کم کرے۔ صنعتی ٹیکس سلیب کو کم کیا جائے۔ انہوں نے سپر ٹیکس پر تنقید کی جو 300 ارب روپے بنتا ہے۔ ایس ایم تنویر نے اسٹیٹ بینک کی جانب سے شرح سود میں حالیہ 100 بیس پوائنٹ ریٹ میں اضافے پر بھی تنقید کی اور کہا کہ مہنگائی عالمی سطح پر تیل کی قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے ہوئی ہے، مقامی قرضوں کی وجہ سے نہیں ہوئی ہے۔ اس اضافے سے حکومت کو کمرشل بینکوں کو ادا کیے گئے قرض کی مد میں 600 ملین روپے کا نقصان ہوا۔ یوں حکومت نے سپر ٹیکس کے ذریعے جو رقم جمع کی تھی اس سے دوگنی مقامی قرضوں کے سود کی صورت ضائع کر دی۔ انہوں نے وزیراعظم پر زور دیا کہ وہ ہاسنگ کے شعبے کے 80 سے زائد متعلقہ صنعتوں کو فعال کریں ان کے مطابق، حکومت کو تعمیرات سے منسلک شعبوں کے لیے ٹی ٹی آر ایف جیسی اسکیم متعارف کرانی چاہیے، سیکشن 236 سی اور 236 کے کا خاتمہ اور مڈل کلاس کے لئے ہاسنگ لون کی حد کو 3 کروڑ تک بڑھایا جائے۔ انہوں نے ماضی کی 25 لاکھ کے ہاؤسنگ قرض سکیم کا حوالے دیتے ہوئے وزیراعظم کو بتایا بینکوں کے ذریعہ 10,000 درخواست دہندگان میں سے صرف 350 درخواستوں کی منظوری ممکن ہوئی۔ انہوں نے وزیراعظم سے ذاتی نگرانی کی یقین دہانی کرائی۔ ایس ایم تنویر نے بتایا کہ اس وقت ملک میں بینک کھاتہ داروں کی 37 ٹریلین روپے بینکوں میں پڑے ہیں۔ جس میں سے 20 ٹریلین روپے ایک کروڑ کھاتہ داروں کے ہیں۔ ایس ایم تنویر نے تجویز دی کہ ایف بی آر بینکوں کی جانب سے اپنے کھاتہ داروں کی جانچ پڑتال کے عمل سے فائدہ اٹھاتے ہوئے 147 صفحات پر مشتمل ٹیکس ریٹرن کی بجائے ایک صفحے کی ٹیکس ریٹرن متعارف کروائے اور شناختی کارڈ کو این ٹی این کے طور پر رجسٹر کرے تاکہ ٹیکس فائلرز کی تعداد میں اضافہ ممکن ہو سکے۔

بقیہ نمبر 18 — قوم کی آواز

کاروباری اعتماد میں نمایاں کمی سامنے آئی ہے، اوآئی سی سی آئی کی جانب سے 2026 کی دوسری سہ ماہی کے دوران کیے گئے بزنس کانفیڈنس انڈیکس سروے کی 29 ویں لہر کے نتائج جاری کرتے ہوئے انکشاف کیا ہے کہ مجموعی کاروباری اعتماد 9 فیصد پوائنٹس کمی کے بعد مثبت 13 فیصد رہ گیا ہے، جو اس سے قبل 28 ویں لہر میں مثبت 22 فیصد تھا۔ سروے کے مطابق کاروباری اعتماد میں کمی کی بڑی وجوہات میں مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدگی بڑھتی ہوئی مہنگائی، ایندھن کی قیمتوں میں اضافہ، سپلائی چین میں رکاوٹیں، پالیسی غیر یقینی اور اقتصادی نمو کے حوالے سے خدشات شامل ہیں۔ کاروباری اداروں کا کہنا ہے کہ موجودہ صورتحال نے سرمایہ کاری کے فیصلوں، پیداواری لاگت، خام مال کی دستیابی اور مستقبل کی منصوبہ بندی کو متاثر کیا ہے۔ شعبہ جاتی بنیادوں پر خدمات کے شعبے میں سب سے زیادہ کمی دیکھی گئی، جہاں اعتماد 20 پوائنٹس گر کر مثبت 14 فیصد رہ گیا۔ مینوفیکچرنگ کے شعبے میں بھی 7 پوائنٹس کی کمی ریکارڈ کی گئی، تاہم ریٹیل سیکٹر واحد شعبہ رہا، جہاں کاروباری اعتماد میں 3 پوائنٹس بہتری آئی اور یہ مثبت 20 فیصد تک پہنچ گیا، سرمایہ کاری کے رجحانات میں بھی نمایاں کمزوری سامنے آئی ہے۔ نیو انویسٹمنٹ انڈیکس 10 پوائنٹس کمی کے بعد صرف مثبت 2 فیصد رہ گیا، جو اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ کاروباری ادارے موجودہ غیر یقینی صورتحال میں نئی سرمایہ کاری سے گریز کر رہے ہیں۔ سروے کے مطابق بیشتر ادارے متاثر و تجارتی راستوں پر انحصار کم کرنے، سپلائی چین کو متنوع بنانے اور آپریشنل خطرات کم کرنے پر توجہ دے رہے ہیں۔ اوآئی سی سی آئی کے سیکریٹری جنرل ایم عبدالعلیم نے کہا کہ ویو 29 کے نتائج ظاہر کرتے ہیں کہ پاکستان میں کاروباری ادارے ایک پیچیدہ اور غیر یقینی ماحول میں کام کر رہے ہیں۔ ان کے مطابق مشرق وسطیٰ کی کشیدگی کے اثرات سرمایہ کاری، سپلائی چین اور کاروباری منصوبہ بندی سمیت تقریباً ہر شعبے میں محسوس کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 19 — قوم کی آواز

مطابق سرجانی روزی گوٹھ میں فائرنگ کا افسوسناک واقعہ پیش آیا جس میں والد اور دو بیٹے زخمی ہوئے۔ مقتولین کی لاشوں اور زخمی کو چھپا کے رضا کاروں نے عباسی شہید اسپتال منتقل کیا۔ اس حوالے سے ترجمان ڈسٹرکٹ ویسٹ پولیس کا کہنا ہے کہ سرجانی روزی گوٹھ میں فائرنگ سے جاں بحق افراد کی شناخت 62 سالہ کامل حسین اور اس کے بیٹے کو 26 سالہ دوہان کے نام شناخت کیا گیا جبکہ زخمی ہونے والے دوسرے بیٹے 30 سالہ عادل کو طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ ترجمان کے مطابق ابتدائی معلومات میں پتہ چلا ہے کہ فائرنگ کا واقعہ رشتے داروں کے درمیان تنازع پر جھگڑے کے دوران پیش آیا جس کی اطلاع ملتے ہی سرجانی ٹاؤن پولیس نے موقع پر پہنچ کر شواہد حاصل کیے اور واقعے کی مزید چھان بین شروع کر دی ہے۔ ترجمان کے مطابق فائرنگ کرنے والے ملزم کی بھی شناخت کر لی گئی ہے جس کی گرفتاری کے لیے پولیس چھاپے مار رہی ہے جسے جلد گرفتار کر لیا جائیگا۔ ایس ایچ او سرجانی ٹاؤن سہیل خاصخیلی نے بتایا کہ فائرنگ کا واقعہ لڑکی کے رشتے پر ہونے والے تنازعے کی وجہ سے پیش آئی ہے۔

بقیہ نمبر 20 — قوم کی آواز

لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق بلوچ کالونی کے علاقے کشمیر کالونی نالے والے روڈ پر نامعلوم گاڑی کی ٹکر سے ایک 20 سالہ راہگیر جاں بحق ہو گیا۔ اطلاع ملتے ہی چھیپا کے رضا کار موقع پر پہنچے اور لاش کو جناح اسپتال منتقل کیا جہاں متوفی کی شناخت کے لیے کوششیں جاری ہیں۔ دوسرا واقعہ ایف سی ایریا کے ایک اپارٹمنٹ میں پیش آیا جہاں کرنٹ لگنے سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا۔ چھیپا حکام کے مطابق متوفی کی لاش عباسی شہید اسپتال منتقل کی گئی جہاں اس کی شناخت 40 سالہ اظہر احمد کے نام سے ہوئی۔ ادھر قیوم آباد میں جام صادق پل پر تیز رفتار ٹریلر کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار موقع پر ہی دم توڑ گیا۔ ریسکیو اہلکاروں نے لاش ک

نیشنل بینک کا ملازمین کی ذہنی صحت اور فلاح و بہبود کیلئے بڑا پروگرام

چارٹر فار کمیشن پاکستان کے ساتھ بینک کی شراکت داری، دونوں اداروں کے سینئر نمائندگان کی خصوصی شرکت

کراچی (بزنس رپورٹر) نیشنل بینک آف پاکستان (این پی پی) نے اپنے ملازمین کی فلاح و بہبود کے پروگرام این بی پی ویلنیس فرسٹ 2.0 کے تحت چارٹر فار کمیشن پاکستان کے ساتھ مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کر دیے ہیں۔ اس تعاون کا مقصد ملازمین میں ذہنی صحت سے متعلق آگاہی کو فروغ دینا اور انہیں اور ان کے اہل خانہ کو پیشہ ورانہ ویلنس سپورٹ تک بہتر رسائی فراہم کرنا ہے۔ یہ اقدام مشاورت اور معاونتی خدمات کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

پاکستان میں سیلف سروس انشورنس کے نئے دور کا آغاز

جدت اسی وقت بامعنی ہوتی ہے جب وہ مکمل طور پر محفوظ ہو اطہر چوہدری

کراچی (بزنس رپورٹر) آدم می لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ نے باضابطہ طور پر ''آدم جی لائک وکیل'' کے نام سے ایک جدید موبائل ایپلی کیشن متعارف کرا دی ہے، جس کا مقصد پاکستان میں بانشورنس خدمات تک رسائی، پالیسی مینجمنٹ اور صارفین کے تجربے کو مزید آسان اور مؤثر بنانا ہے۔ ایپل ایپ اسٹور اور گوگل پلے اسٹور پر دستیاب یہ ایپ صارفین کو ایک جامع سیلف سروس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

سندھ حکومت نے بیرسٹر شبیر شاہ کو پراسیکیوٹر جنرل سندھ مقرر کر دیا

بیرسٹر شبیر شاہ اس سے قبل ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل سندھ کے عہدے پر خدمات انجام دے چکے ہیں

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت نے ممتاز قانون دان بیرسٹر شبیر شاہ کو پراسیکیوٹر جنرل سندھ تعینات کر دیا ہے۔ اس حوالے سے حکومت سندھ کی جانب سے باضابطہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

کراچی میں شہریوں کی رہنمائی کیلیے روڈ سیفٹی آفیسر یونٹ قائم کرنے کرنا کا فیصلہ

یونٹ کا مقصد ٹریفک قوانین، روڈ سیفٹی اقدامات اور ذمہ دارانہ طرز ڈرائیونگ کے حوالے سے عوامی شعور اجاگر کرنا ہے

کراچی (این این آئی) ٹریفک پولیس کی جانب سے شہریوں کے لیے روڈ سیفٹی آفیسر یونٹ کے قیام کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ٹریفک پولیس نے شہریوں کو بہتر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

زین العابدین میمن کی جانب سے عابد لاشاری کو شیلڈ پیش

سماجی رہنما اور صدر این ڈی ایف پاکستان عابد لاشاری (تمغہ امتیاز) کو ان کی نمایاں سماجی خدمات کے اعتراف میں شیلڈ پیش

حیدر آباد (نمائندہ قوم کی آواز) ڈپٹی کمشنر حیدر آباد زین العابدین میمن نے سماجی رہنما اور صدر این ڈی ایف پاکستان عابد لاشاری (تمغہ امتیاز) کو ان کی نمایاں سماجی خدمات کے اعتراف میں شیلڈ پیش کی۔ اس موقع پر عابد لاشاری نے ڈپٹی کمشنر حیدر آباد کا شکریہ ادا کیا اور انہیں قاسم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)



ڈسٹرکٹ ویسٹ پولیس نے گٹکا ماوا فروشی کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ایک ملزم کو گرفتار کر لیا

کراچی (این این آئی) ڈسٹرکٹ ویسٹ پولیس نے گٹکا ماوا فروشی کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ایک ملزم کو گرفتار کر لیا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

پاسما کی جانب سے چینی برآمد کی اجازت مانگنے پر سندھ کی کسان تنظیموں کی جانب سے تحفظات کا اظہار

چنگر یو (این این آئی) پاکستان شوگر ملز ایسوسی ایشن (پاسما) کی جانب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

پاکستان اور اٹلی کے درمیان سفارتی پاسپورٹ پر ویزے کی شرط ختم

پاکستانی سفیر علی جاوید اٹلی کی وزارت خارجہ کے سیکرٹری ریکارڈو گوار بلا نے معاہدے پر دستخط کئے

روم (بزنس رپورٹر) پاکستان اور اٹلی کے درمیان سفارتی پاسپورٹ پر ویزے کی شرط ختم کر دی گئی۔ پاکستان کے سفیر علی جاوید اور اٹلی کی وزارت خارجہ کے سیکرٹری جنرل، سفیر ریکارڈو گوار بلیا نے معاہدے پر دستخط کئے جس کے تحت سفارتی پاسپورٹ رکھنے والے افراد کیلئے ویزا کی شرط ختم کر دی گئی ہے۔ معاہدے پر دستخط کی پروقار تقریب اٹلی کی وزارت خارجہ میں روم میں منعقد ہوئی۔ دونوں اعلیٰ حکام کے درمیان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

کوہستان کرپشن اسکینڈل: نیب نے 6 ارب کے بازیاب اثاثے خیبر پختونخوا حکومت کے حوالے کر دیئے

ادارہ شواہد پر مبنی موثر احتساب کے ذریعے عوامی وسائل کی واپسی کیلئے پرعزم ہے، چیئرمین نیب نذیر احمد کا خطاب

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں، مانیٹرنگ ڈیسک) قومی احتساب بیورو (نیب) نے بالائی کوہستان کے اربوں روپے کے مالیاتی فراڈ کیس میں اہم پیش رفت کرتے ہوئے پہلے مرحلے میں 6 ارب روپے سے زائد مالیت کے بازیاب شدہ اثاثے حکومت خیبر پختونخوا کے حوالے کر دیئے۔ پشاور میں منعقدہ تقریب کے دوران چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد نے بازیاب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

ڈی آئی جی موٹروے سینٹرل عمران شاہد کا لاہور فیڈریشن کا دورہ

نائب صدر ذکی اعجاز سے ملاقات، طارق محمود، کاشف کھوکھر، سردار میاں ندیم بارا سمیت تاجر برادری کے اراکین کی خاص شرکت

کراچی (بزنس رپورٹر) عمران شاہد (PSP, TIQPM)، DIG موٹروے سنٹرل-I لاہور نے FPCCI کے ریجنل آفس لاہور کا دورہ کیا اور FPCCI کے ریجنل چیئرمین/ نائب صدر ذکی اعجاز سے ایک نتیجہ خیز ملاقات کی۔ اجلاس میں جناب طارق محمود، جناب کاشف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

قومی شاہراہوں کی خستہ حالی کیس، ہائیکورٹ کا موٹروے حکام کو تحقیقات کا حکم، عدالت نے ذمہ داروں کا تعین کر کے مقدمہ درج کرنے اور متاثرہ خاندان کو معاوضہ ادا کرنے کی ہدایت بھی جاری کی

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ کے آئینی بینچ نے سندھ میں قومی شاہراہوں کی خستہ حالت کے خلاف دائر آئینی درخواست کی سماعت کے دوران کوٹری کبیر میں ٹریفک حادثے میں ایک ہی خاندان کے پانچ افراد کی ہلاکت پر موٹروے حکام کو تحقیقات کا حکم دے دیا۔ عدالت نے ذمہ داروں کا تعین کر کے مقدمہ درج کرنے اور متاثرہ خاندان کو معاوضہ ادا کرنے کی ہدایت بھی جاری کی۔ سماعت کے دوران این ایچ اے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

حملوں میں جانی نقصان؛ کویت کا ایران کے سفارت کاروں کو 24 گھنٹوں میں ملک چھوڑنے کا حکم

ایران کے کویت میں میزائل اور ڈرون حملوں میں ایک شخص جاں بحق اور 63 زخمی ہو گئے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) کویت نے ڈرون اور میزائل حملوں پر ایرانی سفارتکاروں کو ملک بدر کر دیا۔ کویت نے ایرانی سفارتی مشن کے دو ارکان کو ناپسندیدہ شخصیات قرار دے کر ملک بدر کر دیا۔ 24 گھنٹوں کے اندر ملک چھوڑنا ہوگا۔ عرب میڈیا کے مطابق کویتی وزارت خارجہ کے بیان میں کہا گیا ہے کہ ڈرون حملوں پر ایرانی ناظم الامور کو طلب کر کے باضابطہ طور پر سخت احتجاج بھی ریکارڈ کرایا گیا ہے۔ کویتی وزارت خارجہ کے بیان میں ایران پر مسلسل اور وحشیانہ جارحیت کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ ایرانی حملے نہ صرف کویت کی خودمختاری بلکہ پورے خطے کے امن و استحکام کے لیے خطرہ ہیں۔ آج کویت میں ایران کی جانب سے کیے گئے میزائل اور ڈرون (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

ڈی آئی جی ڈاکٹر فرخ علی کی زیر صدارت سیکیورٹی و کرائم کا اجلاس

نامزد ملزمان کیخلاف چھاپوں، گرفتاریوں اور مقدمات سے متعلق رپورٹس پیش، شہریوں کو پرامن اور محفوظ ماحول فراہم کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے، ڈی آئی جی ایسٹ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈی آئی جی ایسٹ زون ڈاکٹر فرخ علی کی زیر صدارت سیکیورٹی اینڈ کرائم میٹنگ منعقد ہوئی جس میں ضلعی اور انویسٹی گیشن ونگ کے ایس ایس پیز نے شرکت کی۔ اجلاس میں مضر صحت گٹکا ماوا، منشیات فروشوں کے نیٹ ورکس، مقدمات میں نامزد ملزمان کے خلاف چھاپوں، گرفتاریوں اور مقدمات کے اندراج سے متعلق تفصیلی رپورٹس پیش کی گئیں۔ ڈی آئی جی ایسٹ نے تمام ایس ایچ اوز کو ہدایت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

سوشل اینڈ کمرشل رائونڈاپ

ترتیب: علیم نواب خان

تصاویر: نسیم خان

گلگت بلتستان کو اٹھارویں ترمیم کے تحت اختیارات دلوائیں گے، بلاول بھٹو زرداری

کچھ سیاسی جماعتیں بینظیر پروگرام کو ختم کرنا چاہتی ہیں، سازش ناکام بنا دوں گا، چیئرمین پی پی پی کا اسکردو میں خطاب

ہمارے فیلڈ مارشل امن کی کوششوں میں کامیاب ہوں گے، میری اور میری جماعت کی پوری دعائیں اور نیک تمنائیں انکے ساتھ ہیں

آصفہ بھٹو پہلی بار اسکردو آئی ہیں، امید ہے آپ میری طرح انہیں بھی مایوس نہیں کریں گے، گلگت بلتستان بجلی پیدا کریگا، عزم

اسکردو (نمائندہ قوم کی آواز) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے اسکردو میں انتخابی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ انتخابی مہم میں آپ کے پاس آیا تھا اور جی بی کی ہر تحصیل میں گیا اور پورے جی بی کا دورہ کیا اور اسی وقت سے کہہ سکتا ہوں کہ جتنا جی بی میں نے دیکھا ہے وہ کسی سیاستدان نے نہیں دیکھا۔ ہمارا صرف سیاسی رشتہ نہیں بلکہ نسلوں کا ساتھ ہے۔ ایران میں جو شہادتیں ہوئیں، بچیوں کو شہید کیا گیا، علی خامنہ ای کو شہید کیا گیا، یہ کہانی ایران تک نہیں فلسطین اور لبنان میں بھی بے گناہ لوگوں شہید کیا گیا۔ اس ماحول میں گزشتہ برس کی طرح کی انتخابی مہم چلانا مناسب نہیں۔ فیلڈ مارشل امن کی جو کوشش کر رہے ہیں ہیں ہم سب دعا گو ہیں کہ یہ کوشش کامیاب ہو۔ پوری مسلم دنیا اور دنیا بھر کے نوجوان اس جنگ کا بوجھ اٹھا رہے ہیں۔ مہنگائی بھی بے تحاشہ بڑھ گئی ہے اس لیے ہم اس جنگ کو ختم ہوتا دیکھنا چاہتے ہیں۔ گلگت بلتستان کے وسائل پر یہاں کے عوام کا حق ہے۔ اسلام آباد والوں کو جی بی کے عوام کے حق کو ماننا ہوگا۔ گلگت بلتستان کو اٹھارہویں ترمیم کے تحت اختیار دلوائیں گے۔ ہمیں تین اصولوں حق حاکمیت، حق ملکیت اور حق روزگار پر عمل کرنا ہوگا۔ یہ تب ہوگا جب اٹھارہویں ترمیم کے مطابق دیگر صوبوں کی طرح حقوق بی بی کو بھی ملیں۔ آپ کے پہاڑوں کے نیچے جو وسائل ہیں ان پر حق جی بی کے عوام کا ہے۔ تھرکول کے منصوبے میں روزگار کا 80 فیصد تھر کے عوام کو دیا گیا۔ سی پیک کا سب سے بڑا منصوبہ تھرکول کا ہے۔ جب آپ کو حق ملکیت ملے گا تو آپ وسائل کے حصہ دار ہوں گے۔ سکردو میں پیپلز پارٹی کے جلسے سے خطاب میں انہوں نے کہا جی بی کے اضلاع میں جتنا میں آیا ہوں اتنا کوئی اور سیاستدان نہیں آیا۔ پیپلز پارٹی پسماندہ طبقے کی نمائندگی کرنے والی واحد سیاسی جماعت ہے، یہ کیسی معاشی پالیسی اور ترقی ہے کہ امیر امیر تر ہو۔ امیر کو مزید امیر بنانا پالیسی نہیں۔ بی آئی ایس پی اسلام آباد کا وہ واحد ادارہ ہے جو ہر غریب کے گھر تک پہنچتا ہے۔ بی آئی ایس پی کے خلاف سیاسی جماعتوں کی سازشیں ناکام ہوں گی۔ ماؤں کی دعاؤں کی وجہ سے ان کی بی آئی ایس پی کو ختم کرنے کی سازش ناکام ہوگی۔ ہم اس پروگرام کو ختم نہیں ہونے دیں گے۔ بجٹ میں وزیراعظم بی آئی ایس پی کے فنڈز میں اضافے کا اعلان کریں گے۔ بطور وزیر خارجہ مجھ سے دوسرے ممالک پوچھتے تھے کہ ہم بی آئی ایس پی کے ذریعے اپنے غریبوں کی بھی مدد کرنا چاہتے ہیں۔ پی پی چیئرمین نے کہا کہ ایٹم بم ذوالفقار بھٹو اور میزائل ٹیکنالوجی شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے دی۔ شہید بھٹو اب بھی گڑھی خدا بخش سے پاکستان کا دفاع کر رہے ہیں۔ جی بی کو شمالی علاقہ جات کہا جاتا تھا جی بی کو نام صدر زرداری نے دیا۔ مشرف دور میں دیگر ممالک کے پاکستان میں پیٹر بنے تھے۔

چین پاکستان دوستی پہلے سے زیادہ مضبوط ہوتی جا رہی ہے: چینی قونصل جنرل

قونصلیٹ جنرل چائنا کے زیر اہتمام دونوں ملکوں کے سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ کی یاد میں اہم سیمینار

سینیٹر جام کرم علی، عرفان سومرو، ثاقب فیاض مگوں، احسن مختار زبیری، محمد علی شیخ، مرزا اشتیاق بیگ، ماہین خان اور نادرا پنجوانی شریک

قونصل جنرل عمان، انڈونیشیا، سری لنکا، تھائی لینڈ، ملائیشیا، قطر، امارات کی خاص شرکت، مجید عزیز، فاضل جمیلی، ڈاکٹر سیف الرحمان بھی موجود

کراچی (بزنس رپورٹر) عوامی جمہوریہ چین کے قونصل خانے نے کراچی میں پاکستان اور چین کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ کے موقع پر ایک سیمینار کا انعقاد کیا، جس میں دونوں ممالک کے دیرینہ تعلقات اور بڑھتے ہوئے تعاون کو اجاگر کیا گیا۔ تقریب میں چینی قونصل جنرل یانگ یونڈونگ، وزارت خارجہ کے رابطہ دفتر کراچی کے ڈائریکٹر جنرل عرفان سومرو، کے سی ایف آر کی چیئرپرسن نادرا پنجوانی، ڈاکٹر جنید احمد، فاروق افضل، ایف پی سی سی آئی کے سینئر نائب صدر، محمد علی شیخ، سفارت کاروں، ماہرین تعلیم، کاروباری شخصیات، میڈیا نمائندگان اور سول سوسائٹی کے ارکان نے شرکت کی۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے قونصل جنرل یانگ یونڈونگ نے کہا کہ چین اور پاکستان کے تعلقات پُرامن بقائے باہمی، اسٹریٹجک اعتماد اور باہمی فائدے پر مبنی تعاون کی ایک مثالی مثال ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کی دوستی نے وقت اور بدلتے ہوئے عالمی حالات کے امتحان کو کامیابی سے عبور کیا ہے۔ کراچی میں اپنی تین سالہ مدتِ تعیناتی کے اختتام کے قریب پہنچنے کا ذکر کرتے ہوئے یانگ یونڈونگ نے پاکستانی عوام کی جانب سے ملنے والی محبت اور تعاون پر شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ تجارت، سرمایہ کاری، ثقافت اور عوامی روابط کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون مسلسل فروغ پا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ارکانِ پارلیمنٹ، صحافیوں، طلبہ، ماہرینِ تعلیم اور تھنک ٹینکس کے نمائندوں کے تبادلوں نے دونوں ممالک کے درمیان باہمی فہم و ادراک کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے چینی قونصل خانے کی جانب سے شروع کیے گئے فلاحی منصوبوں، جن میں اسکالرشپس، سولر اسٹریٹ لائٹس اور طبی سامان کی فراہمی شامل ہے، کا بھی ذکر کیا۔ چین اور پاکستان کے تعلقات کی تاریخ کا جائزہ لیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 75 سال قبل قائم ہونے والے سفارتی تعلقات آج ''آل ویدر اسٹریٹجک کوآپریٹو پارٹنرشپ'' کی شکل اختیار کر چکے ہیں۔ انہوں نے اعلیٰ سطحی تبادلوں، 1963 کے چین پاکستان سرحدی معاہدے اور اقوام متحدہ میں چین کی نشست کی بحالی کے لیے پاکستان کی حمایت جیسے اہم سنگ میلوں کا بھی حوالہ دیا۔ یانگ یونڈونگ نے کہا کہ پاکستان کی جانب سے ''ون چائنا پالیسی'' کی مسلسل حمایت اور چین کی طرف سے پاکستان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی تائید نے دونوں ممالک کے درمیان سیاسی اعتماد کو مزید مستحکم کیا ہے۔ اقتصادی تعاون پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک)، جو چین کے بیلٹ اینڈ روڈ اقدام کا ایک اہم منصوبہ ہے، اب اعلیٰ معیار کی ترقی کے نئے مرحلے میں داخل ہو چکی ہے۔

☆☆☆